# MARI ENERGIES LIMITED

21-Mauve Area, 3rd Road, Sector G-10/4, Islamabad.
www.marienergies.com.pk

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 41st Annual General Meeting (AGM) of the Shareholders of Mari Energies Limited will be held at the Sheesh Mahal Hall, Islamabad Serena Hotel, Islamabad, on Friday, September 26, 2025, at 10:00 a.m., to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To receive, consider and adopt the Audited Separate and Consolidated Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2025, together with the Directors' and Auditors' Reports thereon and Chairman's Review Report.

2. To approve, as recommended by the Board of Directors, the payment of final dividend @ Rs. 21.7/- per share (217%) for the financial year ended June 30, 2025.

3. To appoint Auditors for the year 2025-26 and fix their remuneration.

4. Any other business with the permission of the Chair.

By order of the Board

**Brig Sumair Ashraf Sheikh (Retd)**
Company Secretary

September 04, 2025

**NOTES:**

**1. Book Closure**

The Share Transfer Books of the Company shall remain closed from September 22, 2025, to September 26, 2025 (Both days inclusive). Transfers received in order at the Company's Share Registrar, M/s Corplink (Pvt) Limited, Wings Arcade, 1-K Commercial, Model Town, Lahore, up to the close of business on September 19, 2025, will be treated as in time for the purpose of attending the AGM and payment of final dividend.

2. **Virtual Participation in the AGM Proceedings**

Shareholders interested in attending the AGM virtually are hereby advised to get themselves registered with the Company by providing the following information through email at corporate.affairs@marienergies.com.pk;

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./ CDC Account No. | No. of Shares | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Online meeting link and login credentials will be shared with only those shareholders whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address by the end of business on Thursday September 25, 2025. The login facility shall remain open from 10:00 am till the end of the meeting on September 26, 2025.

3. **Attending AGM in person or through Proxy**

A member entitled to attend and vote at the above meeting may appoint a person / representative as Proxy to attend and vote on his behalf at the Meeting.The instrument of Proxy duly executed in accordance with the Articles of Association of the Company must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of holding of the meeting. For the convenience of shareholders, blank proxy forms (both in English and Urdu) are available on the Company's website at www.marienergies.com.pk/forms/.

In the case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced before the meeting. The individual shareholders or representatives of corporate shareholders of the Company in CDC must bring original National Identity Cards or Passport and CDC Account and Participant ID Numbers to prove identity and verification at the time of the meeting.

4. **Payment of Cash Dividend through Electronic Mode**

As per provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 dividend payable in cash shall be paid through electronic mode directly into the bank accounts designated by the entitled shareholders. Therefore, for making compliance with the provisions of the law, all those physical shareholders who have not yet submitted their International Bank Account Number (IBAN No.) and CNIC details to the Company, are requested to provide the same on the Dividend Mandate Form available on Company's website at www.marienergies.com.pk. The shareholders of the Company in CDC are requested to provide the same to their Participants in CDC who maintain their accounts in CDC and ensure that their IBAN details are

updated. In case of unavailability of IBAN and valid CNIC, the Company would be constrained to withhold dividend in accordance with the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.

**5. Deduction of Income Tax from Dividend and Exemptions from Deduction**

The current prescribed rates for the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 from payment of dividend by the companies are as under:

| | |
|---|---|
| For filers of income tax returns | : 15% |
| For non-filers of income tax returns | : 30% |

The income tax is deducted from the payment of dividend according to the Active Tax-Payers List (ATL) provided on the website of Federal Board of Revenue (FBR). All those shareholders who are filers of income tax returns are therefore advised to ensure that their names are entered into ATL to enable the Company to withhold income tax from payment of cash dividend @ 15% instead of 30%.

Further, according to FBR, withholding tax will be determined separately on 'Filer/ Non-Filer' status of principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions in case of joint accounts held by the shareholders.

In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide the shareholding proportions of principal shareholder and joint-holders in respect of shares held by them to our Shares Registrar in writing as follows:

| MARI ENERGIES LIMITED | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| FORM OF JOINT SHAREHOLDING PROPORTION | | | | | | |
| Folio/CDC Account Number | Total Holding | Principal Shareholder | | Joint Shareholders | | Signatures |
| | | Name of Principal Shareholder and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Names of Joint Shareholders and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | |
| | | | | | | |

The joint accounts information must reach our Shares Registrar within 10 days of this notice. In case of non-receipt of the information, it will be assumed that the shares are equally held by principal shareholder and the joint-holder(s).

The corporate shareholders of the Company in CDC are advised to ensure that their National Tax Numbers (NTNs) have been updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders must send a copy of their

NTN Certificate with their Folio Numbers mentioned thereon to the Company or its Shares Registrar.

The shareholders, who want to avail exemption u/s 150 of the Income Tax Ordinance 2001, must provide valid Tax Exemption Certificate to our Shares Registrar before commencement of book closure otherwise tax will be deducted on dividend as per applicable rates.

6. **Transmission of Annual Audited Financial Statements, Reports and Notice of AGM**

The Annual Audited Separate and Consolidated Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2025, have been placed on the Company's website, which can be accessed/downloaded from the following link and QR code:

www.marienergies.com.pk/financial-reports/

The Annual Audited Separate and Consolidated Financial Statements along with the reports and Notice of AGM are being sent to shareholders who have provided their email addresses. Physical copy of the Annual Report will be provided to the shareholders on demand.

7. **Consent for Video Conference Facility**

Pursuant to Section 132 (2) of the Companies Act, 2017, shareholders may avail video conference facility for this AGM provided the Company receives consent from the shareholders holding aggregate 10% or more shareholding at least 7 days prior to the date of meeting. The requisite form for availing the facility has been uploaded on Company's website www.marienergies.com.pk.

8. **Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017, all listed companies are required to replace shares issued by them in physical form to book-entry form.

Accordingly, all shareholders of the Company having physical shares are requested to convert their shares into book-entry form at the earliest with the CDC. The shareholders may contact the Company or Shares Registrar for the conversion of physical shares into book-entry form.

9. **Unclaimed Dividends and Share Certificates**

The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached the shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law.

Shareholders, whose dividends and share certificates are still unclaimed/ undelivered, are hereby once again advised to approach the Company to claim their outstanding dividend amounts and/ or undelivered share certificates.

**10. Prohibition of Gifts Distribution**

In accordance with company policy and regulatory guidelines, no gifts or incentives shall be distributed at the AGM. Shareholders are requested to refrain from bringing or presenting any gifts during the meeting.

**11. Change of Address**

Shareholders are requested to immediately notify the change in their mailing address to the Company's Shares Registrar, M/s Corplink (Pvt.) Limited.

**12. Contact Details**

For any query/information, the shareholders may contact
Corporate Affairs Department,
Phone: 051-111-410-410,
Email: corporate.affairs@marienergies.com.pk
or to the Company's Shares Registrar,
M/s Corplink (Pvt) Limited,
Wings Arcade, 1-K Commercial,
Model Town, Lahore.
Phone: 04235916714, 04235916719.
Email: corporate@corplink.com.pk, corplink786@gmail.com

# ماری انرجیز لمیٹڈ

21-ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔
www.marienergies.com.pk

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیاجاتاہے کہ ماری انرجیز لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا 41 واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بروزجمعہ مورخہ 26 ستمبر، 2025ء صبح 10:00 بجے، شیش محل ہال،اسلام آباد سرینا ہوٹل،اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1. 30 جون، 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشوارے مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس اور چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، اُن پر غوروخوض اور انہیں اختیار کرنا۔
2. 30 جون، 2025ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ حتمی ڈیویڈنڈ 21.70روپے فی شیئر (217فیصد) کی منظوری دینا۔
3. مالی سال 26-2025 کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔
4. چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

**بریگیڈیئر سمیر اشرف شیخ (ریٹائرڈ)**
کمپنی سیکریٹری

04 ستمبر، 2025ء

## نوٹس:

### 1. شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 ستمبر، 2025ء سے 26 ستمبر، 2025ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس واقع میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 19 ستمبر، 2025ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام ٹرانسفرز کوسالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور حتمی نقد منافع کی ادائیگی کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2. سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شمولیت

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند حصص داران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درجہ ذیل معلومات بذریعہ ای میل corporate.affairs@marienergies.com.pk پر ارسال کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ کرائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان شیئر ہولڈرز کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز، مطلوبہ تمام معلومات کے ہمراہ دیے گئے ای میل پتہ پر بروز جمعرات، 25 ستمبر،2025ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہو جائیں۔لاگ ان کی سہولت اجلاس کے روز 26 ستمبر،2025ء کو صبح 10:00 بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

## 3. سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے شرکت کرنا

مذکورہ میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق دار ممبر کسی شخص/نمائندے کو پراکسی کے طور پر میٹنگ میں شرکت اور اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے مقرر کر سکتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق نمائندگی نامہ میٹنگ کے انعقاد سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیےخالی پراکسی فارم (انگریزی اور اردو) کمپنی کی ویب سائٹ www.marienergies.com.pk/forms/ پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد فرد کے دستخط میٹنگ کے انعقاد سے قبل فراہم کرنے ہوں گے۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ حصص داران کے نمائندے یا انفرادی حصص دارمیٹنگ کے وقت شناخت اور تصدیق کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ، سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ساتھ لانا ہوگا۔

## 4. الیکٹرانک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 242 کے تحت کیش ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست شیئرہولڈرزکے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کیا جائے گا۔لہٰذا، قانون پر عملدرآمد کےلئے ان تمام فزیکل شیئرہولڈرز جنہوں نے اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور سی این آئی سی کی تفصیلات کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ یہ معلومات کمپنی کی ویب سائٹ www.marienergies.com.pk/forms پر موجود ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم پر فراہم کریں۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے شیئرہولڈرزسے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی میں اپنے شرکاء کو یہی معلومات فراہم کریں جو سی ڈی سی میں ان کے اکاؤنٹس برقرار رکھتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ان کی IBAN کی تفصیلات اپ ڈیٹ کر دی گئی ہیں۔ IBANاور درست CNIC کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہو گی۔

## 5. ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی اور کٹوتی سے چھوٹ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی سیکشن 150 کے تحت کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی موجود شرح درج ذیل ہے:

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کے لیے : 15 فیصد
انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے : 30 فیصد

ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دی جانے والی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق کی جاتی ہے۔ ایسے تمام شیئرہولڈرزجو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرواتے ہیں،سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ATL میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں تاکہ کمپنی ان کے ڈیویڈنڈ سے 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد انکم ٹیکس کی کٹوتی کو یقینی بنا سکے۔

علاوہ ازیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق شیئرہولڈرزکے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کی 'فائلر/نان فائلر' حیثیت پر ود ہولڈنگ ٹیکس کا الگ سے تعین کیا جائے گا۔

لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئرزرکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب تحریری طور پرہمارے شیئرز رجسٹرار کو ذیل میں فراہم کریں:

| ماری انرجیز لمیٹڈ | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جوائنٹ شیئرہولڈنگ تناسب فارم | | | | | | |
| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل ہولڈنگ | پرنسپل شیئرہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | | دستخط |
| | | پرنسپل شیئر ہولڈر کا نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئرہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) | جوائنٹ شیئر ہولڈر کا نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئر کی تعداد) | |
| | | | | | | |

جوائنٹ اکاؤنٹ کی معلومات نوٹس ہذا کی اشاعت کے 10 دن کے اندر ہمارے شیئرز رجسٹرار کو موصول ہو جانی چاہیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں پرنسپل شیئرہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کا تناسب برابر تصور کیا جائے گا ۔

CDC میں کمپنی کے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نیشنل ٹیکس نمبرز (NTNs) کو ان کے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے، جب کہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی ، فولیو نمبرز کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کریں ۔

شیئر ہولڈرز، جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی سیکشن 150 کے تحت استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش شروع ہونے سے

پہلے ہمارے شیئرز رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کریں بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

### 6. سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ، رپورٹس اور AGM کے نوٹس کی ترسیل

30 جون، 2025 ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دیا گیا ہے، جنہیں درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے حاصل/ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

www.marienergies.com.pk/financial-reports

سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشواروں کے ساتھ رپورٹس اور AGM کا نوٹس ان شیئرہولڈرز کو بھیجے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی فزیکل کاپی شیئرہولڈرز کی طرف سے طلب کرنے پر فراہم کی جائے گی۔

### 7. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 132 (2) کے مطابق، شیئرہولڈرز اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر رکھنے والے شیئرہولڈرز کی جانب سے کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل سہولت کے لئے رضامندی حاصل ہو۔ سہولت حاصل کرنے کے لیے متعلقہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.marienergies.com.pk پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

### 8. فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 72 کے تحت ، تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ شیئرز کو فزیکل فارم سے بُک انٹری فارم میں منتقل کریں۔ لہذا، فزیکل شیئرز رکھنے والے کمپنی کے تمام شیئرہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے شیئرہولڈرز کمپنی یا شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 9. غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی نے اس سے قبل کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کی ہے جس کے تحت کمپنی نے شیئرہولڈرز سے رابطہ کیا کہ وہ قانون کے مطابق اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس حاصل کرنے کا دعوی کریں۔

شیئرہولڈرز ، جن کے ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر دعویٰ شدہ ہیں ، ان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس کے حصول کے لئے کمپنی سے رابطہ کریں ۔

### 10. تحفوں کی تقسیم پر پابندی

کمپنی کی پالیسی اور ریگولیٹری ہدایات کے مطابق،سالانہ اجلاسِ عام میں کسی قسم کے تحائف یا مراعات تقسیم نہیں کی جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اجلاس کے دوران کوئی بھی تحفہ لانے یا پیش کرنے سے پرہیز کریں۔

### 11. پتہ جات میں تبدیلی

تمام شیئرہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے میلنگ ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار ، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

### 12. رابطہ کی تفصیلات

کسی بھی سوال/ معلومات کے لئے،شیئرہولڈرز کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ کے فون نمبر: 410-410-111-051 یا ای میل: corporate.affairs@marienergies.com.pk، یا کمپنی کے شیئر زرجسٹرار ، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن ، لاہور کے فون نمبر: 35916714-042 یا 35916719-042 یا ای میل : corporate@corplink.com.pk corplink786@gmail.com پر رابطہ کریں۔

## ماری انرجیز لمیٹڈ

فون نمبر: 410-410-111-051 فیکس نمبر: 2352859-051

# MARI ENERGIES LIMITED

21-Mauve Area, 3rd Road, Sector G-10/4, Islamabad. www.marienergies.com.pk

MARI ENERGIES

## Form of Proxy

41st Annual General Meeting

The Company Secretary
Mari Energies Limited
21-Mauve Area, 3rd Road, G-10/4
Islamabad

I/We ____________________________________________ of __________________, being a member(s) of Mari Energies Limited and holder of ____________________________ Ordinary Shares as per the Share Register, Folio/ CDC Account No. ______________________________________________ hereby appoint
Mr. ______________________________________________ of ____________________ or failing him
Mr. ______________________________________________ of ____________________ or failing him
Mr. ______________________________________________ of ____________________ as my/ our
Proxy in my/ our absence to attend and vote for me/ us, and on my/ our behalf at the 41st Annual General Meeting of the Company to be held on Friday, September 26, 2025 at Sheesh Mahal Hall, Islamabad Serena Hotel, Islamabad and at any adjournment thereof.

**Please affix appropriate Revenue Stamp**

Signed under my/ our hand(s) this _____________ day of September 2025.

______________________
Signature of Member

Signature of Proxy: _______________________

Name: ___________________________

Folio/ CDC A/c No: _______________

**WITNESSES:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Signature: | 2. | Signature: |
| | Name: | | Name: |
| | Address | | Address |
| | | | |
| | CNIC or Passport No. | | CNIC or Passport No. |

**NOTE:**

1. A Member entitled to attend and vote at the above meeting may appoint a person/representative as Proxy to attend and vote on his behalf at the Meeting. The instrument of Proxy in order must be received at the Registered Office of the Company at 21-Mauve Area, 3rd Road, Sector G-10/4, Islamabad not less than 48 hours before the time of holding of the meeting.

2. The Company shareholders in Central Depository Company of Pakistan are requested to attach an attested photocopy of their National Identity Card or Passport with this Proxy Form before submission to the Company.

3. In the case of corporate entity, the Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted with this Proxy Form before submission to the Company.

# ماری انرجیز لمیٹڈ

21–ماؤو ایریا ، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔ www.marienergies.com.pk

## پراکسی فارم

اکتالیسواں سالانہ اجلاسِ عام - 26 ستمبر، 2025ء

کمپنی سیکریٹری
ماری انرجیز لمیٹڈ
21 ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد۔

میں/ہم،____________________ساکن____________بطور ممبر(ز) ماری انرجیز لمیٹڈ
رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر____________ اورحامل ____________عددعام حصص کی حیثیت سے
جناب____________________ساکن ____________ یا ان کی عدم دستیابی پر
جناب____________________ساکن____________ یا ان کی عدم دستیابی پر
جناب____________________ساکن____________ کو اپنی/ہماری ایماء پر کمپنی کے
منعقدہ اکتالیسویں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعہ مورخہ26 ستمبر،2025ء صبح 10:00 بجے،شیش محل ہال، اسلام آباد سرینا ہوٹل، اسلام آباد میں شرکت کرنے اور حقِ رائے دہی استعمال کرنے کے لئے یا کسی بھی التواء کی صورت میں اپنا/ہمارا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرتاہوں/کرتے ہیں۔

براہ کرم مناسب ریونیو ٹکٹ لگائیں۔

بروز____________ ستمبر____________2025ء

____________________
دستخط شیئر ہولڈر

____________________
پراکسی کے دستخط

**گواہان :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | دستخط | | | دستخط | |
| | نام | | | نام | |
| | پتہ | | | پتہ | |
| | | | | | |
| | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | | | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | |

**نوٹ:**

1. درج بالا اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار رکن کسی بھی دوسرے شخص/نمائندے کو بطور پراکسی اپنی طرف سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لیے مقرر کر سکتا ہے۔ ہر لحاظ سے مکمل پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21 ماؤوایریا،3rd روڈ، سیکٹرG-10/4، اسلام آباد میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوجانا چاہیے۔
2. سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان میں کمپنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ یہ پراکسی فارم کمپنی کو جمع کرانے سے قبل اپنے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ فوٹو کاپی لازمی منسلک کریں۔
3. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولوشن/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط اس پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرکے کمپنی کو جمع کرائیں۔

AFFIX
CORRECT
POSTAGE

The Company Secretary
Mari Energies Limited
21–Mauve Area, 3rd Road,
Sector G–10/4,
Islamabad.